جامعہ تفہیم القرآن
اسلام آباد

جامعہ تفہیم القرآن

رہنمائے داخلہ

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ

خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ

اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ

الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ

عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ

نصب العین

اسلامی معاشرے کی تشکیل اور اسلام کی نشاۃ ثانیہ میں مؤثر اور قائدانہ کردار ادا کرنے والے افراد کی تیاری

الحاق

جامعہ تفہیم القرآن کا الحاق رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان کے ساتھ ہے۔ جامعہ میں رابطہ المدارس پاکستان کا منظور شدہ نصاب اور ادارہ کی نصاب کمیٹی کا تجویز کردہ نصاب پڑھایا جاتا ہے۔ رابطۃ المدارس اسلامیہ پاکستان: رجسٹریشن نمبر

شعبہ حفظ قرآن

کلیۃ القرآن کے تحت شعبہ حفظ (HEC سے رجسٹرڈ بورڈ سے الحاق شدہ)

شعبہ حفظ کی خصوصیات:

- اسلام آباد کے سیکٹر H-8 کے خوبصورت اور پرفضا مقام پر واقع حفظ قرآن مجید کا معیاری ادارہ
- مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ کے فارغ التحصیل اور بین الاقوامی جامعات کے تجربہ کار اساتذہ کرام کے زیر سرپرستی
- عربی حجازی لہجہ میں حفظ قرآن مجید کے ساتھ تجوید کے بنیادی قواعد سکھانے کا اہتمام
- ملٹی میڈیا اور آڈیو، وڈیو سسٹم کے ذریعہ سے جدید طرق ہائے تدریس کا اجرا
- حفظ و قراءت کے ملکی و بین الاقوامی مقابلوں میں طلبہ کی شرکت کے مواقع
- طلبہ کی حوصلہ افزائی، انعامات اور Career counselling
- طلبہ، اساتذہ اور والدین کی دوماہی ملاقات (PTM کا اہتمام)
- سزاؤں سے مکمل احتراز اور اساتذہ و طلبہ میں باہمی ہمدردی، محبت اور خیر خواہی کا ماحول
- ہوم ورک، روزانہ ڈائری اور ماہانہ Assignments کا نظام
- انفرادی توجہ کی غرض سے کلاسوں میں طلبہ کی محدود تعداد

تربیتی نظام:

- تربیتی نصاب، نظم وضبط اور وقت کی تنظیم کے اصولوں پر مبنی مثبت سرگرمیاں
- مسلکی، علاقائی و لسانی تعصّبات سے بالاتر اسلام کے اجتماعی نظام اور امت مسلمہ کے اتحاد کے تصور کا ابلاغ
- حفظ کے ساتھ ساتھ صحت مند کھیلوں اور مثبت تفریحی سرگرمیوں کا اہتمام
- بزم قرآن پروگرام کے ذریعہ سے مقصد زندگی کا شعور اور دینی روایات سے گہری دلچسپی پیدا کرنا
- حفظ، تقاریر، معلومات عامّہ (General Knowledge) وغیرہ کے انعامی مقابلہ جات
- چالیس احادیث عربی متن، اردو، انگریزی ترجمہ کے ساتھ حفظ کرانا
- آداب زندگی اور مسنون دعائیں سکھانے کا اہتمام

دورانیہ حفظ اور نصاب:

دوسالہ حفظ پروگرام کو درج ذیل 6 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے: پہلے پانچ سمسٹر میں طالب علم حفظ مکمل کرے گا۔ آخری سمسٹر میں دہرائی (گردان) کرائی جائے گی۔ دہرائی اور امتحان کے بعد سند جاری کی جائے گی۔

سمسٹر کی تفصیلات

سمسٹر	دورانیہ	نصاب
پہلا سمسٹر	120 دن	قاعدہ مع التجوید اور سورہ الملک تا سورہ الناس
دوسرا سمسٹر	120 دن	سورۃ البقرۃ تا المائدہ
تیسرا سمسٹر	120 دن	سورۃ انعام تا سورہ الکہف
چوتھا سمسٹر	120 دن	سورۃ مریم تا سورہ العنکبوت
پانچواں سمسٹر	120 دن	سورۃ روم تا سورہ التحریم
چھٹا سمسٹر	90 دن	دُہرائی (گردان)
بعد از سمسٹرز	30 دن	تیاری امتحان

- ہر سمسٹر میں نصاب تعلیم مکمل کرکے امتحان پاس کرنے کی صورت ہی میں اگلے سمسٹر میں ترقی ممکن ہوگی۔
- مسلسل دو سمسٹرز میں ناقص کارکردگی پر داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔
- جس طالب علم کی ڈائری صاف اور مکمل ہوگی اور کارکردگی دیے گئے اہداف کے مطابق ہوگی اس کو سمسٹر کے آخر میں خصوصی انعام دیا جائے گا۔
- طالب علم کی عمر کی مطابقت سے سکول کی تعلیم فراہم کی جائے گی۔
- امتحان پاس کرنے کے بعد ادارہ طالب علم کو تکمیل حفظ القرآن کریم کی سند جاری کرے گا۔

شرائط داخلہ:

- شعبہ حفظ میں داخلے کے خواہش مند طلبہ سے داخلہ فارم دوران سال وصول کیے جاتے رہیں گے البتہ داخلہ دستیاب نشستوں پر سال میں دو دفعہ کیا جائے گا۔
- امیدوار کی کم از کم عمر سات سال اور زیادہ سے زیادہ 12 سال ہو۔
- امیدوار تیسری جماعت پاس ہو یا اس کے مساوی تعلیم حاصل کر چکا ہو۔
- ٹیسٹ انٹرویو میں کامیاب ہونے والے طالب علم کو شعبہ حفظ کمیٹی/نگران کی منظوری کے ساتھ داخلہ دیا جائے گا۔

داخلہ و ماہانہ فیس:

داخلہ فیس	7000 روپے
ماہانہ فیس	5000 روپے

- ذہین اور کم آمدنی والے والدین کے بچوں کے لیے کارکردگی کی بنیاد پر فیس میں کمی کی جاسکتی ہے۔
- پک اینڈ ڈراپ والدین کی اپنی ذمہ داری ہوگی۔
- طلبہ اپنا لنچ ہمراہ لائیں گے۔
- ضرورت مند طلبہ کو فیس میں خصوصی رعایت فراہم کی جاتی ہے۔

یونیفارم:

موسم گرما	سفید شلوار قمیض، سفید ٹوپی
موسم سرما	سفید شلوار قمیض، سفید ٹوپی، سُرمئی (Gray) رنگ کی جرسی اور ٹوپی

اوقات کار

موسم گرما	صبح 7:00 تا 4:00 بجے
موسم سرما	صبح 7:30 تا 4:30 بجے

جامعہ تفہیم القرآن
اسلام آباد

جامعہ تفہیم القرآن

وقل رب زدني علما

مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں

0311 9861044

سٹریٹ 5، H-8/2 اسلام آباد

www.jtqisb.edu.pk